


"وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً"

[لقمان :20]



# جادو کا علاج

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ

اور جادو گر فلاح نہیں پا سکتا جہاں کہیں سے وہ آئے۔

جادو ایک باطل اور شیطانی عمل ہے

حق کے مقابلے میں باطل کامیاب نہیں ہو سکتا

جادو گر کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا، چاہے وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# جادو

سحر

دھوکا دینا، حیلہ کرنا، حقیقت سے پھیرنا

· لغت کے لحاظ سے ہر اس چیز کو سحر کہتے ہیں جس کا سبب پوشیدہ ہو۔

· جادو کو جادو اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس کے اسباب چھپے ہوتے ہیں

· اللیث کہتے ہیں: ''سحر وہ عمل ہے جس میں پہلے شیطان کا قرب حاصل کیا جاتا ہے اور پھر اس سے مدد لی جاتی ہے۔''

· الأزھری کہتے ہیں: ''سحر دراصل کسی چیز کو اس کی حقیقت سے پھیر دینے کا نام ہے۔''

· اور ابن منظور کہتے ہیں کہ ''ساحر (جادوگر) جب باطل کو حق بنا کر پیش کرتا ہے اور کسی چیز کو اس کی حقیقت سے ہٹا کر سامنے لاتا ہے تو گویا وہ اسے دینی حقیقت سے پھیر دیتا ہے۔''

''عربوں نے جادو کا نام سحر اس لئے رکھا ہے کہ یہ تندرستی کو بیماری میں بدل دیتا ہے۔''

جادو کا بانی ابلیس تھا جس نے انسانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالے اور انہیں گمراہ کرنے کا چیلنج کیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے وسوسوں سے بچنے کی تاکید کی تھی۔

# جادو کی دو قسمیں

## حقیقی جادو

یہ جسم پر بیماری کی شکل میں اثر کرتا ہے، اس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے، اور دو محبت کرنے والوں کو جدا بھی کر سکتا ہے، اور دو بغض اور عداوت رکھنے والوں میں محبت بھی ڈال سکتا ہے،

## خیالی جادو

یہ دھوکہ بازی کا نتیجہ ہوتا ہے، جادو گر کچھ ایسی چیزیں اور اشارے استعمال کرتا ہے کہ لوگوں کو یہ گمان ہوتا ہے کہ فلاں چیز حقیقت ہے جبکہ وہ حقیقت نہیں ہوتی، بلکہ وہ محض کوئی خیالی چیز ہوتی ہے جو شیاطین کے تعاون کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے نظر آتی ہے، مثال کے طور وہ عجیب وغریب اعمال جو جادو گر کیا کرتے ہیں

"جادو" ایسی گرہوں اور ایسے دَم درود اور الفاظ کا نام ہے جنہیں بولا یا لکھا جائے، یا یہ کہ جادو گر ایسا عمل کرے جس سے اس شخص کا بدن یا دل یا عقل متاثر ہو جائے جس پر جادو کرنا مقصود ہو۔

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَنِبُوا الْمُوبِقَاتِ الشِّرْكُ بِاللَّهِ وَالسِّحْرُ [ صحيح البخاری:5764]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تباہ کردینے والی چیزوں سے بچو اللہ کے ساتھ شرک کرنا ہے اور جادو کرنے کرانے سے۔

ليس منا من سحر أو سحر له [السلسلة الصحيحة:2650]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جادو کرنے اور کروانے والا ہم میں سے نہیں۔

# جادو برحق ہے

قرآن میں جادو کی مذمت

- وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ (الفلق:4)
- اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے۔

- عمرہ کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیمار ہو گئیں اور ان کی بیماری کا دورانیہ بہت زیادہ لمبا ہو گیا، اسی دوران مدینہ میں ایک طبیب آیا، عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے اس کے پاس گئے اور اس سے عائشہ رضی اللہ عنہا کی بیماری کے متعلق پوچھا، اس نے کہا کہ تم جس عورت کی یہ کیفیت بتا رہے ہو، اس عورت پر تو جادو کیا گیا ہے اور اس پر اسکی باندی نے جادو کروایا ہے،

- تحقیق پر اس باندی نے اقرار کر لیا کہ ہاں! میں نے آپ پر سحر کروایا ہے، میں چاہتی تھی کہ آپ فوت ہوں تو میں آزاد ہو سکوں، کیونکہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس باندی سے کہہ رکھا تھا کہ میرے مرنے کے بعد تم آزاد ہو گی،
- عائشہ رضی اللہ عنہا نے (حقیقت سامنے آنے پر) فرمایا اس باندی کو عرب میں سب سے طاقتور لوگوں کے ہاتھ بیچ دو اور اسکی قیمت اس جیسی ایک باندی پر خرچ کر دو۔ [مسند احمد: 24126]

# جنات کی طاقت و کمزوری

## جنات کی قوت

1۔ تیز رفتاری
2۔ آسمان کی طرف تیزی سے جانا
3۔ تعمیراتی اور آلات بنانے کا فن
4۔ مختلف شکلیں اختیار کرنے کی قدرت
5۔ انسان کے جسم میں شیطان کا داخل ہونا

## جنات کی کمزوری

1۔ شیطان کی چال کمزور رہے
2۔ نیک بندوں پر شیطان کا تسلط نہیں
3۔ مضبوط ایمان والے بندوں سے شیطان کا ڈرنا
4۔ سلیمان علیہ السلام کے لیے جنات کا مطیع ہونا
5۔ معجزات کو لانے میں بے بس
6۔ خواب میں نبی ﷺ کی صورت اختیار نہ کر سکنا
7۔ آسمانوں و زمین کی ایک حد تک پہنچ رکھنا
8۔ بند دروازے نہ کھول سکنا

· اللہ نے جنات کو ایسی طاقت دی ہے جو کہ انسانوں کو نہیں دی

# جادو کی اقسام

## سحر تفریق

دو شریکوں میں جدائی ڈالنا، خاوند اور بیوی کے درمیان جدائی ڈالنا اور یہ آخری شکل زیادہ عام ہے اور سب سے زیادہ خطرناک ہے

## سحر خمول (کاہلی و سستی)

- (۱) خلوت پسندی (۲) خود غرضی
- (۳) مکمل خاموشی (۴) پریشان خیالی
- (۵) ہمیشہ سر درد (۶) محفلوں سے کراہت (۷) ہمیشہ سستی کا غلبہ

## سحر اَمراض

- (1)- کسی ایک عضو میں دائمی درد
- (2)- مرگی کا دورہ
- (3)- اعضائے جسم میں سے کسی ایک عضو کا بے حرکت ہو جانا
- (4)- پورے جسم کا بے حرکت ہو جانا
- (5)- حواسِ خمسہ میں سے کسی ایک کا بے عمل ہو جانا

## سحر استحاضہ

استحاضہ کی بیماری

## جادو کے أسباب ووجوہات

### شدید جذباتی کیفیات

وہ چور دروازے جن سے جنات یا شیطان کا تسلط ہوتا ہے:

- غم کے وقت
- خوف کے وقت
- غصہ کے وقت
- گناہ کے وقت
- غفلت کے وقت

## دیگر اقسام

- سحر محبت (کسی کے دل میں اپنی محبت ڈالنے والا)
- سحر جنون (دماغ کو مفلوج کرنے والا)
- اولاد کی بندش کا جادو
- کاروبار میں بندش کا جادو
- کسی کی تعلیم وترقی میں رکاوٹ کا جادو

# جادو کی علامات

معمول کے مزاج میں بلاوجہ تدریجاً تبدیلی کار ونما ہونا مثلاً

- سستی، گھبراہٹ، خاموشی اور تنہائی کی عادت
- ذہنی انتشار کی کیفیت جو بتدریج بڑھتی جائے
- حد سے زیادہ چڑچڑاپن
- کسی کام میں دل نہ لگنا
- نماز، روزہ اور دیگر عبادات سے دل اکتا جانا
- بغیر کسی بیماری اور ظاہری علامات کے سر چکرانا
- ڈراؤنے خواب آنا اور بیداری میں بھی چیخ و پکار کی آوازیں سنائی دینا
- خون کے چھینٹے اور کپڑوں کو کٹا ہوا پانا
- خاوند یا بیوی کو ایک دوسرے میں کشش محسوس نہ ہونا
- عزیز و اقارب سے بغیر کسی ظاہری سبب کے معاملات خراب ہونا
- جس شخص پر جادو کیا گیا ہو، اگر اس کے معدے میں دائمی درد رہتا ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسے جادو پلایا یا کھلایا گیا ہے۔
- جادو کی بیشتر قسموں میں ایک علامت موجود ہوتی ہے، اور وہ ہے سینے کی گھٹن خاص کر رات کے وقت۔

# جادو کا علاج

جادو کے علاج کی دو قسمیں

## جائز علاج

قرآنِ مجید اور مسنون اذکار اور دعاؤں سے ہوتا ہے۔

## ناجائز علاج

شیطانوں کا تقرب حاصل کر کے اور انہیں مدد کے لئے پکار کر جادو ہی کے ذریعے ہوتا ہے،

# غیر شرعی طریقہ علاج

جادو گر مریض سے اس کا اور اس کی ماں کا نام پوچھتا ہے

جادو گر مریض کے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا مثلاً قمیص، ٹوپی، رومال وغیرہ منگواتا ہے۔

جادو گر کبھی کوئی جانور بھی طلب کر لیتا ہے جسے وہ 'بسم اللہ' پڑھے بغیر ذبح کرتا ہے، پھر اس کا خون مریض کے جسم پر ملتا ہے اور پھر اسے غیر آباد جگہ پر پھینک دیتا ہے۔

جادو والے منتر کو لکھنا

# جادو سے حفاظتی اقدام

- ایمان کو مضبوط کرنا
- خصوصاً نمازِ فجر کی حفاظت کرنا
- خوف نہ کرنا
- ناک جھاڑنا
- اللہ پر بھروسا کرنا
- طہارت اور وضو کا اہتمام

- وہب بن منبہ کہتے ہیں کہ شیطان کے لیے سمجھدار مومن کی تدبیر سے زیادہ پہاڑ کو چٹان چٹان کر کے اور پتھر پتھر کر کے ختم کرنا زیادہ آسان ہے۔
- کیونکہ جب کوئی شخص مومن، عاقل اور سمجھدار ہو تو وہ شیطان کے لیے پہاڑ سے زیادہ بھاری اور لوہے سے زیادہ سخت ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیطان تم میں سے ہر ایک آدمی کی گردن پر جب وہ سو جاتا ہے تین گرہیں لگا دیتا ہے ہر ایک گرہ پر پھونک مارتا ہے کہ ابھی رات بڑی لمبی ہے تو جب کوئی بیدار ہوتا ہے اور اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے

# شفا کی دعائیں

## جادو سے حفاظتی اقدام

- اشراق پڑھنا
- ہمبستری کے وقت دعا
- کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا
- دائیں ہاتھ سے کھانا پینا
- سونے جاگنے کے اذکار کی پابندی
- بیت الخلاء کی دعا پڑھنا

نعیم بن ہمار غطفانی سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو کہتے سنا: اللہ عزوجل فرماتا ہے اے ابن آدم! تو دن کے پہلے حصے میں میری (رضا کے) لئے چار رکعتیں پڑھ لیا کر میں اس (دن) کے آخری حصے تک تیری کفایت کروں گا۔

ابن عثیمین رحمہ اللہ نے فرمایا: صبح وشام کے اذکار تحفظ میں یاجوج اور ماجوج کی دیوار سے بھی زیادہ مضبوط ہیں، بشرطیکہ کہنے والا انہیں شعور سے پڑھے۔

# جادو سے حفاظتی اقدام

- گھر کو شیطانی چیزوں سے پاک کرنا
- حرام کاموں سے بچنا
- گھر کو تصاویر اور مجسموں سے پاک رکھنا
- حرام کمائی سے بچنا
- نیک لوگوں سے جڑ کر رہنا
- گھروں کو قرآن سے آباد کرنا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے بے شک شیطان اس کے ساتھ ہے جو جماعت سے علیحدہ ہو وہ اس کو ایڑی مار کر بھگاتا ہے

(سنن النسائي:4020)

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا

[الاسراء:64]

اور تو ان میں سے جس کو اپنی آواز سے بہکا سکے، بہکا لے اور ان پر اپنے سواروں اور پیادوں کو چڑھا لا اور مال اور اولاد میں ان کا حصّہ دار بن جا اور ان سے وعدے کرتا رہ اور جو وعدے بھی شیطان ان سے کرتا ہے وہ دھوکا ہیں۔